


[illegible]

[illegible]

[illegible]

والمسلمين آمين


[illegible] طبعه حضرات الافاضل

السيد شهاب الدين بن احمد بن شهاب

والريس علي خوج المدني والسيد علي

الطيب وقد تبرعوا بجعل ربع قيمته

لفقراء المدينة المنورة وحقوق الطبع


مدینہ منورہ

بسم الله الرحمن الرحيم

مقدمه في تنزيه الحق سبحانه وتعالى

اعلم ارشدنا الله واياك ان الله عزوجل واحد في ملكه خالق العالم باسره العلوى والسفلي والعرش والكرسي والسموات والارضين وما فيهما وما بينهما جميع الخلايق مقهورن بقدرته لاتتحرك ذره الا باذنه ليس معه مدبر في الخلق ولاشريك له في الملك حي قيوم لاتاخذه سنه ولانوم عالم الغيب والشهادة لايخفى عليه شيء في الارض ولا في السماء يعلم ما في البر والبحر وما تسقط من ورقه الا يعلمها ولاحبة في ظلمات الارض ولارطب ولا يابس الا في كتاب مبين احاط بكل شيء علما واحصى كل شيء عددا ووسع العلمين رحمه وحلما فعال لما يريد قادر على ما يشاء له الملك والغني وله العزه والبقاء وله الحمد والثناء وله الاسماء الحسنى لادافع لما قضى ولامانع لما اعطى يفعل في ملكه ما يريد ويحكم في خلقه ما يشاء لايرجو ثوابا ولا يخاف عقابا ليس عليه حق ولا عليه حكم فكل نعمه منه فضل وكل نقمه منه عدل لا يسئل عما يفعل وهم يسئلون موجود قبل الخلق ليس له قبل ولابعد ولافوق ولاتحت ولايمين ولاشمال ولا امام ولاخلف ولا كل ولابعض ولا يقال متى كان ولااين كان ولا كيف كان كون الاكوان

ودبر الزمان لا يتقيد بالزمان ولا يختص بالمكان ولا يلحقه وهم ولا يكفيه
عقل ولا ينحصر في الذهن ولا يتمثل في النفس ولا يتصور في الوهم ولا يتكيف
في العقل لا تلحقه الاوهام والافكار جل عن الشبيه والنظير ليس كمثله
شيء وهو السميع البصير واعلم ان كنه ذات الحق تعالى وحقيقه صفاته
وماله من الكملات التى لا نهاية لها لا يعلمها ويحيط بها على الحقيقة الا
هو جل جلاله فسبحان من لا يعلم قدره غيره ولا يبلغ الواصفون صفته
تنزه القديم عن ان يحيط به الحادث لانقطاع النسبة بينهما فان الله احتجب
عن البصائر كما احتجب عن الابصار وان الملأ الاعلى يطلبونه كما تطلبونه
ولذا قال صلى الله عليه وسلم تفكروا فى الخلق ولا تتفكروا في الخالق فانه
لا تحيط به الفكرة لهذا لم يكلفنا الرؤوف الرحيم بمعرفة حقيقة الذات
والصفات بل اكتفى منا بالمعرفة الاجماليه وذكرها لنا باخصر عبارة في قوله تعالى
قل هو الله احد الله الصمد لم يلد ولم يولد ولم يكن له كفوا احد والهكم
اله وحد لا اله الا هو الرحمن الرحيم فاعلم انه لا اله الا الله وقال تعالى مثبتا الرسالة نبيه
صلى الله عليه وسلم بقوله محمد رسول الله والذين معه اشداء على الكفر رحماء
بينهم تراهم ركعا سجدا يبتغون فضلا من الله ورضوانا ولا حول ولا قوة
الا بالله العلي العظيم

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم صل على سيدنا محمد الفاتح لما أغلق والخاتم لما سبق ناصر الحق بالحق والهادي الى صراطك المستقيم وعلى آله وصحبه حق قدره ومقداره العظيم ولا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم الحمد لله الذي جعل المدينة المنورة قبة الاسلام ودار الهجرة والعلم بالحلال والحرام وبعد فلما كانت المدينة المنورة انما حازت الشرف العظيم بهذا النبي الكريم عليه افضل الصلاة والتسليم ولذالك لم تزل تشد اليها رحال المسلمين وتتهافت على زيارتها والاقامه بها قلوب المحبين لسيد المرسلين رايت من اللازم ذكر نزر لطيف من فضائلها مقتصراً في ذالك على ماورد في الاحاديث الصحيحه ناسباً كل حديث لمخرجه من الكتب الصحيحة راجياً شفاعته صلى الله عليه وسلم لي ولوالدي في الدنيا والآخرة فاقول مستعيناً بحول الله وقوته الحديث الاول عن ابي هريرة رضي الله عنه ان رسول

الله صلى الله عليه وسلم قال ان لايمان ليأرز الى المدينه كما تأرز الحية الى
جحرها رواه البخاري ومسلم ❀ الحديث الثاني عن انس بن مالك ان رسول
الله صلى الله عليه وسلم قال اللهم اجعل بالمدينه ضعف ماجعلت بمكة
من البركة ❀ الحديث الثالث قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اللهم ان
ابراهيم كان عبدك وخليلك دعاك لاهل مكة بالبركة وانا محمد عبدك
ورسولك ادعوك لاهل المدينة ان تبارك لهم في مدهم وصاعهم مثلي
مابارکت لاهل مكة مع البركة بركتان اخرجه الترميذي وصححه ❀
الحديث الرابع قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اول من اشفع له من امتي
اهل المدينة واهل مكة واهل الطائف اخرجه الطبراني في معجمه
الكبير ❀ الحديث الخامس قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اول من
تنشق عنه الارض انا ولا فخر ثم تنشق عن ابي بكر وعمر ثم تنشق عن اهل
الحرمين مكة والمدينة ثم ابعث بينهما اخرجه الحاكم ❀ الحديث
السادس قال رسول الله صلى الله عليه وسلم رمضان بالمدينة خير من
الف رمضان فيما سواها من البلدان اخرجه الطبراني ❀ الحديث السابع
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة في مسجدي هذا افضل من
سبعين الف صلاة في ماسواه من المساجد الا المسجد الحرام اخرجه الشيخان

الحديث الثامن قال رسول الله صلى الله عليه وسلم على انقاب المدينة ملائكة لايدخلها الطاعون ولا الدجال اخرجه الشيخان ❀ الحديث التاسع قال رسول الله صلى الله عليه وسلم غبار المدينة شفاء من الجزام اخرجه ابو نعيم ❀ الحديث العاشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما بين بيتي ومنبري روضة من رياض الجنة ومنبرى على ترعة من ترع الجنة رواه الشيخان ❀ الحديث الحدي عشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من آذى اهل المدينة آذاه الله وعليه لعنة الله والملائكة والناس اجمعين لايقبل منه صرف ولاعدل رواه الطبراني في الكبير ❀ الحدي الثاني عشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اخاف اهل المدينة فكانما اخاف مابين جنبي اخرجه الامام احمد ❀ الحديث الثالث عشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اراد اهل المدينة بسوء اذابه الله كما يذوب الملح في الماء اخرجه الشيخان ❀ الحديث الربع عشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من استطاع ان يموت بالمدينة فليمت بها فاني اشفع لمن يموت بها اخرجه احمد وابن حبان ❀ الحديث الخامس عشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من زارني بمدينه محتسبا كنت له شهيدا او شفيعا يوم القيامة اخرجه البيهقي والطبراني ..

الحديث السادس عشر قال رسول الله صلى الله عليـه وسلم من حجّ
فزارقبرى بعد وفاتي كان كمن زارني في حياتي ومن زارقبرى وجبت له
شفاعتي اخرجه ابن عدىٍ والبيهقي في الشعب ❀ الحديث السابع عشر
قال رسول الله صلي الله عليه وسلم الناس تبعاًلكم يااهل المدينـه
في العلم اخرجه الساكر ❀ الحديث الثامن عشر قال رسول الله صلي الله
عليـه سلم لا تشدُّ الرّحال الاّ الى ثلا ثـة مساجد المسجد الحرام
ومسجدى هذا والمسجدالآقصى اخرجه السيخان ❀ الحديث التاسع
عشر قال رسول الله صلى الله عليه وسلم المدينة قبة الاسلام ودار الايمان
وارض الهجرة ومثوى الحلال والحرام اخرجه الطبرانى في الاوسط ❀
الحديث العشرون قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اخاف اهل
المـدينـة اخافـه الله اخرجه ابن حبان في صحيحه ❀ الحديث
الحادى والعشرون قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلاة في مسجدى
هذا كالف صلاةٍ في ماسواه الا المسجد الحرام وصيامُ رمضان بالمدينة
خيرٌ من الف شهرٍ فيما سواه وصلاةُ الجمعةِ بالمدينة كالف جمعة
فيما سواها اخرجه البيهقي فى الشعب وفى هذا القدر كـفايةٌ
لمن وفوقـة الله قال بعض الفضلاٍ فى مدح المـديـنـة

المنورة على ساكنها افضل الصلاة والسلام

لطيبة ميثاقٌ عليَّ قديمُ | اذاذكرت يوماً لديّ أهيمُ
وماذاك الاّ أن فيها محمداً | رسول الهدى روح الوجود مقيمُ
هوالشمس الاّ أن في الكون نوره | يدوم ونور الشمس ليس يدومُ
هوالبحرُ عمّ الكائنات بفضله | بساحله كلُّ الكرام تعومُ
هوالعبدُ عبد الله سيدُ خلقه | له لكون عبدٌ والزمان خدومُ
نبي الهدى ياأعظم الناس نائلاً | ومن جوده في العالمين عميم
ومن هو في الداين خيرُ وسيلة | شفيعُ لدى الرّب الكريم كريم
فكن لي شفيعاً يوم حشري فانني | عرتني همومٌ مسهن أليمُ

وقال بعض الفضلاء من قصيدةٍ كبيرةٍ

ان قيل أنت الذى في غيرها ملكٌ | وفي حماها اسيرٌ في الهوى دنفا
فقل مقامي بها في الاسر جوهرةٌ | والملك في غيرها صادفته صدفا

فصلٌ في الحث على محبة النبي صلي الله عليه وسلم

قال الله تعالى مثنياً علي رسوله الكريم وانك لعلى خلقٍ عظيمٍ لقد جاءكم رسولٌ من انفسكم عزيزٌ عليه ماعنتم حريص عليكم بالمؤمنين رؤفٌ الرحيم فمن محبة الله

واعتناءه برسوله سماه رؤوفاً رحيماً فجعل له اسمين من اسمائه تعالى
وقال تعالى قل ان كنتم تحبون الله فاتبعوني يحببكم الله ويغفرلكم
ذنوبكم وقال تعالى من يطع الرسول فقد اطاع الله فجعل طاعة
رسوله طاعة له ومحبة رسوله محبة له وقال تعالى وما ارسلناك
الارحمـةً للعالمين فجعله عين الرحمة الربانية وافضل الخليقة
الانسانية وخزآئن العلوم الالهية ومعدن الاسرار الربانية وقال
تعالى وانك لتهدي الى صراط مستقيم وقال الامام البخاري
فى صحيحه محبة النبي من الايمان وقال صلى الله عليه وسلم والذى
نفسي بيده لن يؤمن احدكم حتى اكون احب اليه من والده
وولده والناس اجمعين رواه الشيخان فاقسم النبى صلى الله عليه
وسلم بربه ان من لم يكن محباله اكثر من محبته لوالده وولده
وجميع الناس ليس بمؤمنٍ ومن الدليل على محبته صلى عليه وسلم
امتثال اوامره واجتناب نواهيه قال تعالى ومآ أتاكم الرسول فخذوه
ومانهاكم عنه فانتهوا وكذا من الدليل على محبته صلى الله عليه
وسلم كثرة الصلاة عليه وتعظيمه واكثار ذكره مع ذكر الله
لأن من احب شيئاً اكثر من ذكره قال تعالى ورفعنالك

ذكرك اي لااذكر يامحمد الاذكرت معى ومن محبته صلى الله
عليه وسلم قرآئة قصة مولده لانها تحتوي على ذكر نسبه الشريف
وذكر ولادته وما خصه الله به من المواهب والفضآئل والخوارق
للعادات الدالة على محبة الله واعتنآئه به صلى الله عليه وسلم وفيها
ايضا ذكر اوصافه اللطيفة واخلاقه الشريفة التي امرنا الله باتباعها
والاقـتدا بها لان جميع اخلاقـه موافقـة للقرآن فلم تحتو قصة
المولد الشريف الا على قرآن وذكر نسبه صلى الله عليه وسلم
الوجب علينا معرفته وذكر تاريخ ولادته وحياته وذكر اوصافه
العظيمة واخلاقه الكريمة وكل ذالك مذكور فى الاحاديث
الصيحة فقصة المولد كناية عن سيرته واخلاقه من كونه كان
شديد الحياء والتواضع يقبل المعذرة ولايقابل احداً بمايكره ويحب
الفقراء ويعود المرضى ويشيع الجنائز وغير ذالك من مكارم
الاخلاق وكل هذا من الدين الحنيفي وواجب علينا معرفته
فأي شيء من ذالك بدعة خارجة عن الدين كما يزعم بعض من
انطمست بصيرته واتبع هواه كلاوالله ان معرفة خبره والاطلاع
عليها يقوي الايمن ويثبت القلوب عليه قال تعالى وكلاً نقص

عليك من انبا الرسل ماثبت به فؤادك فأخبر الله ان ذكر قصص
الانبيا واخبارهم يثبت فؤاد النبي صلى الله عليه وسلم فكيف بذكر
اخبارسيد الانبياء والمرسلين فلا شك انها تثبت الفؤادو تقوى الايمان
من باب أولى كما يفهم ذالك من نور الله بصيرته ولم يغلب عليه
الهوى وكذا من محبته صلى الله عليه وسلم القيام عند ذكر ولادته
لان المقصود منه تعظيمه صلى الله عليه وسلم وتعظيمه من
الايمان وانما الاعمال بالنيات وقد ورد فى صحيح البخاري ان عمر
جثى على ركبتيه بين يدى النبي تعظيماً له واستعطافاً لخاطره ولم
ينكر عليه فدل على الجواز لان النبي لا يقر على منكرٍ وقد
اجمعت العلماء المعتد بهم على استحباب القيام شرعاً وايضا امرالنبي
بالقيام الى سعد حين قدم حتى ان العلامة ابو السعود
الحنفي صاحب الفتاوي والتفسير المشهور افتى بكفر من لم
يقم عند قيام الناس لان عدم قيامه يشعر بضد التعظيم وهو
التحقير كما هومذكور فى شرح مولد البرزنجي عند قوله هذ
وقد استحسن القيام نمر ٢٢ وايضاً قد قال الامام
"الصرصري بحضرة الامام السبكي وجميع من اكابر العلماء

قايل لمدح المصطفى الخط بالذهب | على فضة من خط اعظم من كتب
وان تنهض الاشراف عند سماعه | قياماً صفوفا اوجثيا على الركب
اما الله تعظيما له كتب اسمه | على عرشه يارتبة سمت الرتب
وفى هذا القدر كفاية لمن ارد الله | توفيقه وهداه اللهم ارنا
الحق حقا وارزقنا اتباعه وارنا | الباطل بطلا وارزقنا جتنابه

بجاه نبيك محمد صلى الله عليه وسلم

﴿هذه مناقب سيد الشهداء سيدنا حمزة عم رسول الله صلى الله عليه وسلم﴾

بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله الذى ارسل سيدنا محمداً للعالمين بشيراً ونذيراً ودعياً الى الله باذنه وسراجاً منيراً ووفق اصحابه للسبق الى نصرة الحق المبين رضوان الله تعالى عليهم اجمعين وبعد فهذا نزر لطيف فى ذكر مناقب سيد الشهداء اسد الله واسد رسوله وناصر دينه وعم رسوله والقصد من ذلك التبرك بذكر الصالحين لان بذكرهم تتنزل الرحمات من السميع العليم كما ورد فى الحديث الصحيح بذكر الصالحين تتنزل الرحمات فاقول مستعينا بحول الله وقوته هو سيدنا حمزة بن عبد المطلب ابن هاشم عم النبي صلى الله عليه وسلم وصاحبه وناصر دينه كان رضى الله عنه شجاعاً كريماً سمحاً اشد فتى فى قريش واعزه شكيمة اسلم فى السنة السادسة من البعثة وضرب فى يوم سلامه فى الحرم المكي رأس ابي جهل بقوس حين سمعه يسب النبي صلى الله عليه وسلم فشجه شجة منكرة وقال رضى الله عنه للنبي صلى الله عليه وسلم يا ابن اخي اظهر دينك فوالله ما احب ان لي ما اظلت الغبراء وانا على دين قومى

حبيب رسول الله ناصر دينه || يضيء محيا الكائنات به حسنا
هو السيد المفضال من ال هاشم || له الرتبة العلياء والمنزل الاسنا
هو الأسد الضرغام في ساحة الوغى || فكم قد اباد الكافرين وكم افنى
حباه اله العرش مجداً مؤثلاً || واورده من فضله المورد الاهنى
وشد به ازر الشريعه والهدى || فمنه العلي يروى فضائله الحسنى
عليه رضى الرحمن ما ذر شارق || وماجلي الكرب العظيم به عنا

﴿اللهم ادم ديم الرضوان عليه وامنن علينا من واسع فضلك كما امتننت عليه﴾

واول لؤاء عقده رسول الله صلى الله عليه وسلم له حين بعثه الى سيف البحر من ارض جهينة في السنة الثانية من الهجرة وشهد رضى الله عنه بدرًا وقاتل بسيفين بين يدي رسول الله صلى عليه وسلم وقتل يوم احد احدى وثلاثين رجلاً من المشركين تم عثر عثرةً وقع منها على ظهره ببطن الوادى عند جبل الرماة فانكشف الدرع عن بطنه فزرقه وحشي بن حرب قبل اسلامه بحربة فاكرمه الله تعالى بالشهادة على يديه وكان ذالك في يوم السبت منتصف شوال سنه ثلاث من من الهجرة وكان عمره رضي الله عنه سبع وخمسين سنةً على

الصحيح ثم مثل بـه المشركون وبقروا بطنه رضي الله عنـه
اللهم ادم ديم الرضوان عليه وامنن علينا من واسع فضلك كما مننت عليه
ولما وقـف صلى الله عليه وسلم عليه ورأى مابه من التمثيل
غاظـه ذلك وقال لن اصاب بمثلك ابداً ما وقـفت موقـفاً
اغيظ لي من هذا وقال لولاَ ان تجزعَ صفيةُ ونساؤها
اَي يتطاول جزعهن ويدومُ لم ادفنهُ حتى يحشر في بطون
السباع وحواصل الطيور ليشتدَّ غضب الله على من فعل ذلك
كما وَرَدَ ذلك في رِوَايَةٍ ولئن ظفرني الله بقريش لامثلن
بسبعين منهم فانزَل الله تبارك وتعالى وان عاقبتم فعاقبوا بمثل
ماعوقبتم به ولئن صبرتم لهو خير للصابرين واصبر وما صبرك
الاَّ بالله ولا تحزن عليهم ولا تك في ضيق مّمّا يمكرون انَّ الله
مع الذين اتقوا والذين هم محسنون فقال صلى الله عليه وسلم بل
نصبر وكفر عن يمينه وقال صلى الله عليه وسلم رحمة الله عليك
اي عم فانك كنت فعولاً للخير وصولاً للرحم ثم وضعه في القبلة
ووقف على جنازته وبكى حتى كاد يبلغ الغشي وهو يقول رحمة الله
تسبيت ياعم رسول الله واسد الله واسد رسوله ياحمزة يافاعل الخيرات

يا كاشفاً عن المسلمين الكربات بمبارزتك اعداء الله واعداء رسوله وقال صلى الله عليه وسلم جاءنى جبريل واخبرني ان حمزة مكتوب في اهل السموات السبع حمزة بن عبد المطلب اسد الله واسد رسوله وقال بعض الفضلاء

عيني ابكي واسعفيني فقد	عيل اصطباري وعزمنى العزاء
عيني ابكي عليه فحل قريش	جل قدرا فجل فيه الرثاء
قتلوه بقومهم يوم بدرٍ	وبشسع من نعله هم فداء
بطل صال فيهمو كهزبرٍ	ضرسرب الوحوش منه الضراء
عجب تضحك الجنان لشيءٍ	طرف طه من اجله بكاء
قد بكى حمزة بكاء قضته	رقة في فؤاده وصفاء
لم يرعه من قبله قط شيءٌ	مثله اذ أُحيل منه الرواء

وكفنه صلى الله عليه وسلم ودفنه بالربوة المشهور بها قبره الآن وعليه رضي الله عنه قبته جلية عليها الانوار تلوح ويقال ان مدفوناً معه عبد الله بن جحش ومصعب ابن عمير وشماس بن عثمان واما القبر الذي عند رأس مشهده فهو قبر عقيل احد اولاد الشريف حسن بن محمد ابي نمي واما القبر الذي بصحن

المسجد فهو قبر بعض امراء المدينه من الاشراف اللهم ادم ديم
الرضوان عليه وامنن علينا من واسع فضلك كما مننت عليه ولما
رجع صلى الله عليه وسلم الى المدينـة بعد الوقعه وسمع نساء
الانصا ر يبكين على قتلاهن بكي صلى الله عليه وسلم على حمزة
فامر الانصار نسائهن يبكين على حمزة قبل قتلاهم والبكاء بلا نوح
ولا لطم خدٍ ولاشق جيب ولا تعزى بعزاء الجاهليه جائز لاباًس
به كما قال صلى الله عليه وسلم القلب يحزن والعين تبكي ولا نقول
الا ما يحب ربنا ويرضاه هذا وقد ورد في فضل الشهداء من
الفضائل ماتحلى به المسامع وتقطع دونـه اعناق المطامع منها
قوله صلي الله عليه وسلم انا شهيد على هؤلاء ما من جرح يجرح
في سبيل الله الا يبعثه الله يوم القيمه يدمي جرحه اللون لون
الدم والريح ريح المسك وقوله صلى الله عله وسلم لما اصيب
خوانكم بحدٍ جعل الله ارواحهم في اجواف طيور خضر ترد
نهار الجنة وتاكل من ثمارها وتأوي الى قناديل معلقةٍ في ظل العرش
فلما وجدوا طيب ماًكلهم وحسن مقيلهم قالوا ياليت اخواننا
يعلمون ماصنع الله بنا لئلا يزهدو في الجهاد ولا ينكلو عن الحرب

فقال الله عزوجل انا ابلغهم عنكم فانزل على رسوله ولا تحسبن الذين قتلوا في سبيل الله امواتا بل احياء عند ربهم يرزقون فرحين بما آتاهم الله من فضله ويستبشرون بالذين لم يلحقوا بهم من خلفهم ان لا خوف عليهم ولاهم يحزنون

اللهم ادم ديم الرضوان عليه وامنن علينا من واسع فضلك كما مننت عليه وحيث وقف بنا جواد المقال عن الاطراد ووضح لكل ذي لب حياة الشهداء وما رمه من المرد فلندع الله متوسلين بهم وسيدهم سيدنا حمزة بن عبد المطلب عم رسول الله رضي الله عنه وارضاه فنقول

يا رب قد لذنا بعم بنينا	رب المظاهر قدست اسراره
فاقل عثار من استجار بعمه	او زار لتغفر قرن اوزاره
والطف بنا في المعضلات فاننا	بجوار من لاشك يكرم جاره
واختم لنا بالصالحات اذا دنا	منا الحمام وانشبت اظفاره
ثم الصلاة على سلالة هاشم	من طاب محتده وطاب نجاره
والآل والصحب الكرام اولى التقى	صيد الانام ومن هموا انصاره

اللهم يامن ضجت له الاصوات من اهل الارضين والسموات ويامن يملك حوائج المحتاجين ويعلم ضمائر الراجين نسئلك متوجهين اليك بسيد السادات ومن انزلت عليه الكمات التامات وبآله الذين اوصى بالمسيء منهم والمحسن وحث على التمسك بحبهم كل مؤمنة ومؤمن وباصحابه الذين شدوا أزر الاسلام بما سبق لهم من السعادة ولاسيما الذين قضوا نحبهم فى مرضاتك وختمت لهم بالشهادة ان تستجيب لنادعائنا وتسترعو راتنا وتؤمن روعاتنا وتبدل سيئاتنا حسنات وتعتق رقابنا ورقاب والدينا من النار وتختم لنا بكامل الايمان وتغفرلنا ولوالدينا ولاخواننا ولمشائخنا وللمؤمنين والمؤمنات والمسلمين والمسلمات برحمتك باارحم الراحمين سبحان ربك رب العزة عما يصفون وسلام على المرسلين والحمدلله رب العالمين

عبادَ الله رجالَ الله • اعينونا بعونِ الله • وكونوا عوننا فى الله
عسى نَحظى بِفضل الله

بحق الله رجالَ الله • اعينونا بعون الله

فَيا اقطاب ويا اوتاد • ويا ابدال ويا اسياد • اجيبوُا ياذوى الامداد
وفينا فاشفعوا لله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

اِلى من غيركم اذهب • ومالى دونكم مذهب • ومنكم يحصل المطلب
وانتم خيرُ اهلِ الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

تعالوا وانظروا بالله • تعالوا وانصروا بالله • بحق الله بجاه الله
بحبِ الله بعونِ الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

[illegible] اكرام القوم • وخلوا عنكموا ذا النوم • وهموا وانصرونا اليوم
وكونوا عون [illegible]

بحق الله رجال الله • اعينونا عون الله

فقصد [illegible] لحى • و[illegible] [illegible] غنى • و[illegible] باب رب الحى
[illegible] الله

[illegible] • اعينونا بعون الله

فيا [illegible] • [illegible] لي [illegible] • عسى تأتي بشاراتى

ويصفو وقتنا بالله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

فيا ربّاهُ يارّبي • ويا غوثاهُ ياحسبي • أزلْ ياسيدى كربي

والحقني بأهل الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

فيا طه ويا طس • ويا حم ويا يس • انا عبدٌ انا مسكين

ومالي غيرُ ذكر الله

بحق الله رجالَ الله • اعينونا بعون الله

سمعنا منك يامحبوب • وجاءَ السؤل والمطلوب • واسمك عندنا مكتوب

ووصفك زين اهلِ الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

سألناكم سألناكم • وللابواب جئناكم • وفي امرٍ قصدناكم

فشد عزمكم بالله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

بفرقان وجبريل • وتورة وانجيل • وما في آي تنزيل

اعينونا لاجل الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

بحق سبب التكوين • وسيد ولد ثقلين • ومن هو نور عين العين

انا مقصدنا بالله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

برب قد تولاكم • واعطاكم واولاكم • وفى الاكوان ولاكم
اعينونا بجاه الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

فسلوا سفكم ياقوم • وهموا وانصرونا اليوم • فحاشا يعتريكم نوم
عن الرجى بكم بالله

بحق الله رجال • اعينون بعون الله

فهموا يااولى الالباب • تعالوا وافتحو الى الباب • وانتم جملة الاحباب
وانتم خير اهل الله

بحق الله رجال الله • اعينون بعون الله

فزين العابدين واقف • على ابوابكم عاكف • ومن تقصيره خائف
ولا يشكو لغير الله

بحق الله رجال الله • [illegible] [illegible] [illegible]

[illegible] • [illegible] • [illegible] قد [illegible]
[illegible] اهل الله

بحق الله رجال الله • [illegible] بعون [illegible]

[illegible] فتحنا الباب • وصلنا مع الاحباب • [illegible]
[illegible]

بحق [illegible] رجال [illegible] • [illegible] بعون الله

فطفنا ثمَّ وفينا • وجينا ولبينا • وفي الابواب تاجينا

وجدنا كلَّ اهل الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

ونا دانا منادي الحي • اجبناكم وزال الغي • وجاءت من حماكم حي

فقولوا الف شي لله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

وما كنا بذى الاشباح • ولكن تفرحُ الارْواح • من الفتاح للفتاح

بهذا جاء سر الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

فيا اركان بيت الله • ويا جيران حجر الله • بكم طبنا بحق الله

وهذا شأن اهل الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

وعبد المحسن الملق • مع الاحباب والرفقا • وحاشا انيكين محروم

اعينون لأجل الله

بحق الله رجال الله • اعينونا بعون الله

تمـــة

سدي ما كتب

﴿ السيد عبد المحسن اسعد ﴾

ترجمة کتاب تحفة الاحباء فی فصل المدینة
و مناقب سید الشهداء



مقدمة

حق سبحانہ وتعالے کی پاکی کے بیان میں

یاد رکھو اللہ ہمکو اور تمکو ہدایت کرے کہ اللہ عزوجل اپنے ملک میں ایک ہے پیدا کرنیوالا ہے تمام عالم کا اوپر والون کا اور نیچے والون کا اور عرش و کرسی اور آسمان و زمین کا اور جو کچھ انکے درمیان میں ہے - تمام خلائق اوسکی قدرت میں ہے کوئی ذرہ بغیر اسکے حکم کے نہیں ہلتا - اوسکے ساتھ کوئی دوسرا انتظام کرنے والا مخلوق میں نہیں ہے اور اوسکے ملک میں کوئی شریک نہیں ہے وہ زندہ ہے اور مخلوق کا قائم رکھنے والا ہے نہ اوسکو اونگھ ہے نہ خواب - غیب اور حاضر کا جاننے والا ہے اوس سے کوئی شے پوشیدہ نہیں ہے نہ زمین میں

نہ آسمان میں - دریا رخشکی میں جو کچھہ ہے اوسکو سب کی خبر ہے
درخت سے جتنے پتے گرتے ہیں وہ سبکو جانتا ہے - زمین میں جتنے دانے
اور تر و خشک ہیں ان سبکو لوح محفوظ میں لکھہ رکھا ہے ہرچیز کا
پورا علم اوسکو ہے اور سبکی عدد جانتا ہے اوسکی رحمت اور حلم تمام
عالم پر ہے جو چاہتا ہے کرتا ہے سب پر قادر ہے اوسیکا ملک ہے وہ
غنی ہے اسیکو عزت اور بقا ہے اوسیکے واسطے سب تعریف ہے اوسکے نام
اچھے ہیں اوسکا حکم کوئی رد نہیں کرسکتا اوسکی بخشش کو کوئی
روک نہیں سکتا اپنے ملک میں جو انتظام چاہتا ہے کرتا ہے اور اپنی
مخلوق پر اپنے اندازے حکم کرتا ہے نہ اوسکو ثواب کی امید نہ عذاب کا
خوف ہے اوسپر کسیکا حق نہیں پہونچتا نہ اوسپر کسیکا حکم جاری ہوتا ہے
اوسکی نعمتیں رحمت ہیں اوسکی سزا انصاف ہے اوسکے کام پر کوئی
گرفت نہیں کرسکتا وہ سب پر گرفت کریگا - مخلوق سے پہلے وہ موجود
تھا اوسکی ابتدا انتہا نہیں ہے نہ اوسکے لئے اوپر نیچے ہے نہ داہنے بائیں
نہ آگے پیچھے نہ کل نہ بعض - اوسکو یہ نہیں کہہ سکتے کہ کب سے ہے
کہاں ہے کیسا ہے - اوسنے تمام عالم پیدا کیا اور زمانہ بنایا لیکن زمانہ سے
الگ ہے وہ کسی مکان میں نہیں ہے اوسکو شک و شبہ نہیں ہے نہ اوسکو
عقل کی حاجت ہے وہ ہمارے سمجھہ میں نہیں آسکتا نہ اوسکی کوئی
صورت ہمارے ذہن میں ہوسکتی شکل رصورت سے پاک ہے اوسکے مثل
کوئی شے نہیں ہے وہ سنتا ہے دیکھتا ہے - یاد رکھو کہ اللہ تعالی کی
ذات کی معرفت اور اوسکے صفتونکی پہچان اور اسکے کمالات کا علم جو
کہ بے انتہا ہیں کسیکو حاصل نہیں ہوسکتا اور کوئی اوسکی حقیقت کو
نہیں پہونچ سکتا سواے اللہ سبحانہ رتعالی کے پس پاک ہے وہ ذات پاک

جسکی قدر کوئی نہین جانتا ہوا اوسکے اور تعریف کرنے والے اوسکا حق ادا نہین کرسکتے - پاک ہے وہ ذات قدیم اس بات سے کہ مخلوق اوسکا پورا اندازہ کرسکے کیونکہ خالق و مخلوق مین کوئی مناسبت نہین ہے اور اللہ تعالی ہمارے دلون اور آنکھون سے چھپا ہوا ہے ملائکۂ مقربین بھی اوسکی جستجو کرتے ہین جیسے ہم جستجو کرتے ہین اسلئے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و سلم نے کہ " مخلوق مین غور و فکر کرو اور خالق مین غور و فکر نہ کرو کہ ہماری فکر اوسکا پورا اندازہ نہین کرسکتی اسیواسطے اللہ تعالی نے اپنی ذات و صفات کی معرفت کا ہمکو حکم نہین کیا ہے بلکہ اپنی ذات و صفات کو اجمالی طور پر جاننے کو کافی قرار دیا - اور مختصر حکم سنا دیا کہ اے میرے پیغمبر لوگو نسے کہدو کہ اللہ ایک ہے اللہ بے نیاز ہے نہ اوسنے کسیکو جنا نہ اوسکو کسی نے جنا اور اوسکے برابر کوئی نہین ہے ۔ اور فرمایا کہ تمہارا اللہ ایک ہے اوسکے سوا دوسرا معبود نہین وہ مہربان رحم کرنے والا ہے پس یقین رکھو کہ کوئی معبود نہین سوا اللہ کے - اور فرمایا اللہ تعالی نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نبوت کے بارہ مین کہ محمد اللہ کا رسول ہے اور جو لوگ اوسکے ساتھہ ہین وہ کفارون پر سخت دل اور آپس مین رحم دل ہین تم اونکو دیکھتے ہو رکوع کرتے ہین سجدہ کرتے ہین اللہ تعالی کا فضل اور اوسکی رضامندی طلب کرتے ہین " *

ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

——+‹›+——

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللهم صل علی سیدنا محمد الفاتح لما اغلق والخاتم لما سبق ناصر الحق بالحق والهادی الی صراطك المستقیم و علی آله و اصحابه حق قدره و مقداره العظیم و لا حول و لا قوة الا بالله العلی العظیم *

سب تعریف اللہ کو ہے جسنے مدینۂ منورہ کو اسلام کا قبہ اور ھجرت کا گھر بنایا اور حلال و حرام جاننے کی جگہ قرار دیا اسکے بعد جاننا چاہئے کہ مدینۂ منورہ کو نبی کریم علیہ السلام کی ذات اقدس سے شرف حاصل ہوا اور اسکی طرف اھل اسلام سفر کرنے لگے اور اوسکی زیارت کرنے اور وھان رہنے کو عشاق نبی کے دل مائل ہونے لگے تو مینے ضروری سمجھا کہ اوسکی فضیلت مختصر طور پر ذکر کرون اور چند حدیثین بھی صحیح کتابون سے اسبارہ مین ذکر کرون تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت مجکو اور میرے والدین کو دنیا و آخرت مین نصیب ہو *

پہلی حدیث - ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے " ایمان سمٹ آویگا طرف مدینہ کے جیسے سمٹ آتا ہے سانپ اپنے سوراخ کیطرف" روایت کیا اسکو بخاری نے۔ دوسری حدیث - انس بن مالک سے روایت ہے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے " اے اللہ مدینہ مین دوچند نازل کرو وہ برکت جسکو تونے مکہ مین نازل کیا" - تیسری حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے " اے اللہ ابراھیم تیرے بندے اور تیرے خلیل نے انہون نے مکہ والون کے لئے برکت کی دعا کی اور

مین محمد تیرا بندہ اور تیرا رسول ہون مدینہ والون کے لئے دعا کرتاہون
کہ تو برکت دے اونکے مد اور صاع مین دوچند اوس برکت کے جسکو
تونے مکہ والون پرنازل کیا ایک برکت کے ساتھہ دو برکت " روایت
کیا اسکو ترمذی نے - چوتھی حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے " مین اپنی امت مین سے سب سے پہلے شفاعت کرونگا
مدینہ والون اور طائف والون کی" روایت کیا اسکو طبرانی نے اپنی
معجم کبیر مین - پانچوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے " سب سے پہلے جو قبر سے اٹھیگا وہ مین ہون اور مجھے فخر
نہین بعدہ قبر سے اٹھینگے ابو بکر و عمر بعدہ قبر سے اٹھینگے حرمین شریفین
یعنی مکہ اور مدینہ والے پھر مین انکے درمیان مین روانہ ہونگا" روایت
کیا اسکو حاکم نے - چھٹی حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے کہ " مدینہ کا ایک رمضان افضل ہے ہزار رمضان سے جو مدینہ
کے علاوہ دوسرے شہرون مین ہو" - روایت کیا اسکو طبرانی نے -
ساتوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "میری
مسجد مین ایک نماز افضل ہے ہزار نماز سے جو دوسری مساجد مین
ہون سوای مسجد حرام کے" - روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے -
آٹھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے - مدینہ
کے دروازون پر فرشتے مقرر ہین اوسمین طاعون اور دجال نہین آسکتا
روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے - نوین حدیث - فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے - مدینہ کا غبار جذام کے لئے شفا ہے" - روایت
کیا اسکو ابو نعیم نے - دسوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے " میرے مکان اور میرے ممبر کے درمیان جنت کا باغ ہے

اور میرا ممبر جنت کے ایک حوض پر ھے" روایت کیا اسکو بخاری اور مسلم نے - گیارھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جسنے تکلیف دی اھل مدینہ کو اوسکو اللہ تکلیف دیگا اور اوسپر لعنت ھے اللہ کی اور فرشتونکی اور سبلوگون کی نہ اوسکی نفل قبول ھوگی نہ فرض" روایت کیا اسکو طبرانی نے کبیر مین - بارھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جسنے ڈرایا اھل مدینہ کو تو گویا اوسنے ڈرایا مجکو" روایت کیا اسکو امام احمد نے تیرھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جو ارادہ کریگا اھل مدینہ کو برائی پہنچانے کا تو اللہ اوسکو پگھلا دیگا جیسے نمک پانی مین پگھل جاتا ھے" روایت کیا اسکو بخاری نے - چودھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جسکو مدینہ مین مرنے کی قدرت ھو تو چاھئے کہ وہ مدینہ مین مرے کیونکہ مین اوسکی شفاعت کرونگا جو مدینہ مین مریگا" روایت کیا اسکو احمد اور ابن حبان نے - پندرھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے "جسنے مدینہ مین آکر میری زیارت کی ثواب کی نیت سے تو مین قیامت کے دن اوسکا گواہ اور شفاعت کرنے والا ھونگا" روایت کیا اسکو بیہقی اور طبرانی نے - سولھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے "جسنے حج کیا اور میری قبر کی زیارت کی میرے وفات کے بعد تو وہ اوس شخص کے مثل ھے جسنے میری زندگی مین مجھسے ملاقات کی اور جسنے میری قبر کی زیارت کی اوسپر میری شفاعت واجب ھوگئی" روایت کیا اسکو ابن عدی اور بیہقی نے شعب الایمان مین - سترھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ

صلی اللہ علیه وسلم نے " اے مدینه والو سبلوگ علم مین تمہارے پیرو هین" روایت کیا اسکو عساکر نے - اٹھارھوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم نے " سفر نکرو مگر تین مسجد کیطرف مسجد حرام اور میری مسجد اور مسجد اقصی" روایت کیا اسکو بخاری و مسلم نے - انیسوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم نے " مدینه اسلام کا قبه هے اور ایمان کا گھر هے اور هجرت کی زمین هے اور حلال حرام کی جگه هے" روایت کیا اسکو طبرانی نے اوسط مین - بیسوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیه وسلم نے "جسنے ڈرایا اهل مدینه کو ڈرا ویگا اوسکو اللہ" روایت کیا اسکو ابن حبان نے صحیح مین - اکیسوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیه وسلم نے "میری اس مسجد کی ایک نماز دوسری مسجدونکی هزار نماز کے برابر هے سوای مسجد حرام کے اور رمضان کا روزہ مدینه مین افضل هے هزار مہینه سے اوسکے ماسوا مین اور نماز جمعه مدینه مین هزار جمعه کے مثل هے اسکے ماسوا مین" روایت کیا اسکو بیہقی نے شعب الایمان مین - بائیسوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیه وسلم نے "تملوگون مین سے جو اللہ پر اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا هے اسکو چاهئے که اپنے مہمان کی تعظیم کرے" - تیئیسوین حدیث - فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیه وسلم نے "جو اپنے مسلمان بھائی کی مدد کرے اگرچه خشک لکڑی یا تر لکڑی سے هو تو اللہ اوسکی مدد کریگا دنیا اور آخرت مین" - چوبیسوین حدیث - "سب مسلمان دیوار کے مثل هین ایک سے دوسریکی مضبوطی هوتی هے - فرمایا اللہ سبحانه وتعالی نے تملوگ نیک کام اور تقوی مین ایک دوسرے کی مدد کرو اور گناہ او

ظلم کے کام مین مدد نکرو" - اتنی حدیثین کافی هین اوسکے لئے جسکو اللہ نے نیک عمل کی توفیق دی ھے - کسی بزرگ نے مدینہ منورہ کی تعریف مین چند اشعار لکھا ھے جسکا ترجمہ یہ ھے :-

ایک مدت سے مدینہ کا حق مجھپر ھے
جب اُسکا ذکر سنتا هون تو مین پریشان هو جاتا هون
یہ اسلئے کہ اوسمین محمد هین
هدایت کے رسول اور مخلوق کی روح هین
وہ آفتاب هین اونکا نور خلق مین
همیشہ رهتا ھے اور آفتاب کا نور همیشہ نہین رهتا
وہ دریا هین اونکا فیض سب پر ھے
بزرگ لوگ اونکے گھاٹ پر بیرتے هین
وہ اللہ کے بندے هین اور مخلوق کے سردار
خلق اونکا غلام ھے اور زمانہ اونکا خدمتگار
هدایت کے نبی هین بخشش مین سب سے آگے هین
اونکی بخشش تمام عالم پر ھے
وہ دونون جہان مین بہتر وسیلہ هین
بزرگ هین اور رب کریم کے پاس شفاعت کرنیوالے هین
حشر مین آپ میری شفاعت کیجئے
مین پریشان اور مصیبت زدہ هون

کسی بزرگ نے اپنے بڑے قصیدہ مین لکھا ھے

اگر کوئی کہے کہ تم مدینہ کے باهر بادشاہ هو
اور مدینہ کی حد مین عشق سے ایک کمزور قیدی هو
تو اوس سے کہدو کہ میرا وهان قیدی رهنا مرتی ھے
رباهر کی میری سلطنت سیپ ھے

فصل نبی صلے اللہ علیہ و سلم کی محبت کے بیان میں

فرمایا اللہ تعالی نے اپنے نبی کی تعریف میں کہ آپ اخلاق عظیم کے ساتھ متصف ہیں - اور فرمایا کہ " بیشک آئے تمہارے پاس رسول تمہیں لوگوں میں سے تماری تکلیف اونکو گران گذرتی ہے وہ تمپر دلدادہ ہیں مومنون کے ساتھ مہربانی رحم کرنے والے ہیں " پس اللہ تعالی اپنے رسول کے ساتھ محبت رکھتا ہے اور اونکی قدردانی کرتا ہے اسواسطے اونکا نام رؤف رحیم رکھا یعنی مہربان رحم کرنے والا اور اونکے لئے اپنا دو نام تجویز کیا - اور فرمایا اللہ تعالی نے اے پیغمبر کہدو لوگون سے کہ " اگر تمکو اللہ سے محبت ہے تو میری پیروی کرو اللہ تمسے محبت رکھیگا اور تمہاری گناہیں بخشدیگا - اور فرمایا اللہ تعالی نے جسنے رسول کی تابعداری کی اوسنے بیشک اللہ کی تابعداری کی پس اپنے رسول کی تابعداری کو اپنی تابعداری قرار دیا اور رسول کی محبت کو اپنی محبت کہا - اور فرمایا اللہ تعالی نے "اور نہیں رسول بناکر بھیجا ہمنے آپکو مگر تمام عالم کی رحمت کے واسطے" پس اللہ تعالی نے آپکو اپنی رحمت کہا اور انسانی خلقت میں آپکو افضل قرار دیا اور آپکو اپنے علم کا خزانہ اور اپنے اسرار کا معدن بنایا اور فرمایا اللہ تعالی نے کہ " بیشک آپ ہدایت کرتے ہیں سیدھے راستہ کی " - اور امام بخاری نے اپنی صحیح میں کہا ہے کہ نبی کی محبت ایمان کی دلیل ہے - اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے " قسم ہے اوس ذات پاک کی جسکے قبضہ میں میری جان ہے کوئی

شخص مومن نہین ہو سکتا جبتک مجھے اپنے مان باپ اور اپنے اولاد
اور تمام انسان سے زیادہ محبوب نجانے " روایت کیا اسکو بخاری و
مسلم نے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے رب کی قسم کھائی
کہ جو شخص میری محبت اپنے مان باپ اور اپنے لڑکے اور سب
لوگونکی محبت سے زیادہ نہ رکھے وہ مومن نہین ہے - اور نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کی محبت کی دلیل یہ ہے کہ اونکے حکم کو بجا لائے اور جن
چیزونسے منع فرمایا ہے اوس سے بازرہے - فرمایا اللہ تعالی نے اور
جو حکم کرین تمکو رسول اوسیکو اختیارکرو اور جس سے منع کرین اوسکو
چھوڑدو اور اسیطرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی دلیل یہ
ہے کہ اونپر درود زیادہ بھیجے اور اونکا ادب کرے اور اللہ کی یاد کے
ساتھہ اونکی بھی یاد کرے اسلئے کہ جو شخص جس چیز سے زیادہ
محبت کرتا ہے اوسکی یاد اکثرکرتا ہے فرمایا اللہ تعالی نے پیغمبر سے
کہ ہمنے تمہارا ذکر بلند کیا یعنے میری یاد نہوگی مگر تمہاری یاد کے
ساتھہ - اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت یہ بھی دلیل ہے کہ اونکے
پیدائش کا واقعہ بیان کیا جائے کیونکہ اس مین آپ کے نسب شریف
کا ذکر ہے اور ولادت کے حالات اور آپ کے فضائل اور معجزات اور
بشارت اور کمالات کا بیان ہے کہ اللہ تعالی نے اپنی غایت محبت
سے ان چیزون کے ساتھہ آپکو مشرف فرمایا اور اسمین آپکے اوصاف
مبارک اور اخلاق شریف کا بیان ہے جنکے اتباع اور تابعداری کا حکم
اللہ تعالی نے ہمکو کیا ہے اور آپ کے اخلاق قرآن شریف کے موافق
ہین پس آپ کے مولد شریف مین قرآن شریف کی موافقت ہے اور
آپ کے نسب کا ذکر ہے اور ولادت اور زندگی کے حالات ہین اور آپ کے

اوصاف عظیمہ اور اخلاق کریمہ کا ذکر ہے اور یہ سب صحیح حدیثوں میں مذکور ہیں پس قصۂ مولد شریف کے بیان میں اسبات کیطرف اشارہ ہے کہ آپ کے عادات شریفہ بیان کئے جائیں کہ آپ نہایت حیا والے اور تواضع کرنے والے تھے اور خطا کرنے والونکا عذر قبول فرماتے تھے اور کسی سے ایسا معاملہ نکرتے تھے جسکو وہ ناپسند کرے فقیرونسے محبت رکھتے تھے مریضون کی عیادت کو جاتے تھے جنازہ مین شریک ہوتے تھے وغیرذلک پس یہ سب تو دین کی باتین ہین انکا جاننا ہمپر واجب ہے ان مین سے کون سی بات بدعت اور دین سے خارج ہے جیسا کہ اسکو بدعت کہتے ہین وہ لوگ جنکے دل مین سمجھ کا نور نہین ہے اور خواہش نفسانی کے تابعدار ہوگئے۔ قسم خدا کی آپ کے حالات جاننا ایمان کو مضبوط کرتا ہے اور دلکو ایمان پر قائم رکھتا ہے۔ فرمایا اللہ تعالے نے " اور سب بیان کرتے ہین ہم تیرے پاس رسولون کے احوال سے جس سے تسلی دین تیرے دلکو" تو جب اللہ تعالی نے خبر دیا کہ انبیاے سابقہ کی خبرین اور انکے قصے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دل کو مضبوط کرتے ہین تو سید المرسلین کا ذکر ہملوگون کے دل کو کیون مضبوط نکریگا۔ بیشک دل کو مضبوط اور ایمان کو پختہ کریگا۔ اسکو وہ شخص سمجھیگا جسکو اللہ تعالی نے نور بصیرت دیا ہے اور نفس کے وسوسہ سے محفوظ ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کی یہ بھی دلیل ہے کہ ذکر ولادت مین قیام کرے اس سے مقصود آپکی تعظیم کرنا ہے اور آپکی تعظیم عین ایمان ہے اور ہر عمل کا دارمدار نیت پر ہے۔ صحیح بخاری مین ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالی عنہ نبی کے سامنے تعظیم کیلئے کھٹنون کے بل چلے ہین آپ نے

منع نفرمایا تو یہ فعل جائز ہوا کیونکہ نبی ناجائز فعل کو دیکھکر بغیر منع کئے نہیں رہ سکتے - اور معتبر علما نے اجماع کیا ہے کہ قیام کرنا مستحب شرعی ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کے لئے لوگون کو قیام کا حکم دیا جب وہ سفرسے آئے - اور علامۂ ابو سعود حنفی صاحب فتاوی و تفسیر نے فتوی دیا ہے کہ سب لوگون کے قیام کے وقت مین جو شخص قیام نکرے وہ کافر ہے اسواسطے کہ قیام نکرنا آپکی تعظیم کے خلاف ہے یعنی آپکی تحقیر ہے اسکو ذکر کیا ہے شرح مولد بزرنجی مین اس عبارت کے تحت مین وقد استحسن القیام ۲۲ - اور امام صرصری نے چند اشعار امام سبکی کے دربار مین پڑھا وہان علما کی ایک جماعت تھی ترجمہ اشعار کا یہ ہے :-

کم درجہ ہے مصطفی کی تعریف سونے سے لکھنا
چاندی پر اعلی درجہ کے لکھنے والے سے
اور کم ہے کھڑا ہونا شریفون کا اوسکے سننے کے وقت
صف باندھکر یا گھٹنون کے بل
یاد رکھو اللہ نے تعظیم کیلئے اونکا نام لکھا
اپنے عرش پر - نہایت بلند ہے آپ کا مرتبہ

اسقدر لکھنا اوسکے واسطے کافی ہے جسکو اللہ نے توفیق دی اور ہدایت پر رکھا - اے اللہ ہمکو حق کو حق دکھا اور اوسکی اتباع کی روزی نصیب کر بطفیل اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے *

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا
حضرت حمزہ سید الشہدا کی تعریف

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سب تعریف اللہ کو ہے جسنے ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام عالم کیلئے خوشخبری سنانے اور ڈرانے کو بھیجا اور اپنے حکم کے موافق اپنی طرف بلانے کو چراغ روشن بناکر بھیجا - اور اونکے اصحاب کو توفیق دیا کہ حق مریم کی مدد کرنے مین سب سے آگے قدم بڑھائین - اللہ تعالی اپنی خوشی اونپر نازل کرے

بعد حمد ونعت کے معلوم ہو کہ اس چند سطر کی تحریر مین سید الشہدا کا ذکر ہے جو اللہ کے شیر اور رسول خدا کے شیر ہین اور اوسکے دین کے مدد کرنے والے اور اوسکے رسول کے چچا ہین - مقصد اس تحریر سے یہ ہے کہ نیک کارون کے ذکر سے برکت حاصل ہو اسواسطے کہ اونکے ذکر سے رحمت نازل ہوتی ہے - اب مین اللہ سے مدد طلب کرتا ہون اور کہتا ہون کہ وہ سیدنا حمزہ بن عبد المطلب بن ہاشم ہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا اور اونکے دین کے مددگار - آپ پہلوان سخی اور جوانمرد تہے - قریشی جوانون مین سب سے زیادہ قوی اور غالب اور آزاد سردار تہے - نبوت کے چھٹے سال ایمان لائے جسروز ایمان لائے اوس روز ابوجہل کو سنا کہ حرم مین آنحضرت صلی اللہ علیہ کو گالی دیتا ہے آپ نے اپنی کمان اس زور سے اوسکے سر پر مارا کہ سر پہٹ گیا اور آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا

اے میرے بھتیجے اپنا دین خوب ظاهر کرو خدا کی قسم مین اس بات کو پسند نہین کرتا که جبتک زمین قائم رهے مین اپنے قوم کے دین پر رهون (ترجمۂ اشعار) :—

وہ رسول الله کے محبوب هین اونکے دین کے مددگار هین
اونکے سبب سے دنیا کا چہرہ روشن هے
وہ سردار فضل والے هاشمی اولاد سے هین
اونکا مرتبه بلند هے اور اونکی شان روشن هے
میدان جنگ مین وہ شیر غرّان هین
کتنے کافرون کو برباد کرڈالا اور کتنے کو هلاک کیا
عرش کے مالک نے اونکو کامل بزرگی دی هے
اور اپنے فضل کے اچھے گھاٹ سے اونکو سیراب کیا هے
شریعت اور هدایت کی کمرکو اونسے مضبوط کیا
بلندی اونہین سے اچھی فضیلت کی روایت کرتی هے
الله کی خوشی اونپرنازل هو جبتک آفتاب چمکتا رهے
اور جبتک اونکی برکت سے مصیبتین همسے دفع هون
یا الله اپنی رضامندیکی بارش اونپر همیشه برسا اور اپنے
فضل کامل سے همپر احسان کر جیسا تونے اونپر احسان کیا

آنحضرت صلی الله علیه وسلم نے اونکے لئے پہلا جھنڈا اوسوقت تیار کیا جب اونکو جهینه زمین مین سیف البحر کیطرف سن ۲ دو هجری مین روانه کیا - اور آپ جنگ بدر مین بھی شریک هوئے اور نبی صلی الله علیه وسلم کے سامنے دو تلوارسے جهاد کیا - اور جنگ احد مین آپ نے اکتیس ۳۱ مشرکون کو قتل کیا پھر آپکا پاؤن پھسل گیا اور

جبل الرماۃ کے قریب پست زمین میں پیٹھ کے بل گرپڑے آپ کا شکم زرہ سے کھل گیا اور وحشی بن حرب نے جو اسوقت تک مسلمان نہوا تھا نیزہ مارا اللہ تعالی نے آپکو شہادت سے مشرف فرمایا یہ واقعہ پندرھوین شوال روز شنبہ کو سنہ ۳ تین ہجری مین ہوا اسوقت آپکی عمر بروایت صحیح ستاون برس کی تھی - پھر مشرکون نے آپکو مثلہ کیا یعنی کان ناک لب کاٹ ڈالے اور شکم چاک کیا *

یا اللہ اپنی رضا مندی کی بارش اون پر ہمیشہ برسا اور اپنے فضل کامل سے ہمپر احسان کر جیسا تونے اون پر احسان کیا *

جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شہادت کی خبر ملی اور آپ نے دیکھا تو آپکو سخت صدمہ ہوا آپنے فرمایا ایسا صدمہ مجھکو کبھی نہوگا اور اس سے زیادہ افسوسناک مصیبت مجھپر کبھی نہ پڑیگی پھر فرمایا اگر صفیہ اور دوسری عورتین بے صبری نکرتین اور انکا غم طول ہونیکا اندیشہ نہوتا تو مین انکو دفن نکرتا یہانتک کہ وہ درندے جانور اور چڑیونکے شکم سے قیامت کے دن اُٹھائے جاتے تاکہ قاتل پر اللہ کا غضب زیادہ ہو اور قسم ہے اگر اللہ نے قریش پر مجھے فتح دیا تو اسکے بدلے مین ستر قریشی کا مثلہ کرونگا - اللہ تعالی نے آپکی تسلی اور تلقین کیلئے نازل فرمایا کہ " اگر تم سزا دو تو اپنی سزا کے برابر سزا دو اور اگر صبر کرو تو صبر کرنیوالون کے لئے یہی بہتر ہے - اور صبر کرو تمہارا صبر تو اللہ کے ساتھ ہے اور غمگین نہو کفار پر اور انکے مکر و فریب سے دل تنگ نہو بیشک اللہ اونکے ساتھ ہے جو احسان کرتے ہین " - نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا البتہ مین صبر کرونگا اور اپنی قسم کا کفارہ دونگا - اور فرمایا رسول اللہ صلی

الله علیه وسلم نے اے چچا تمپر الله کی رحمت هو تم نیک کام بہت کرتے تھے اور قرابت دارونسے اتحاد رکھتے تھے - پھر آپ قبله کیطرف جنازہ رکھکر کھڑے ہوئے اور روئے یہانتک که قریب تھا که آپکو غشی آجائے اور آپ فرماتے تھے الله تمپر رحم کرے اے رسول الله کے چچا اور الله کے شیر اور الله کے رسول کے شیر اے حمزہ اے نیکونکے نیک بنانے والے اے سختیون کے دور کرنے والے مسلمانونسے بسبب لڑنے کے الله کے دشمنونسے اور اوسکے رسول کے دشمنون سے - فرمایا رسول الله صلی الله علیه وسلم نے که میرے پاس جبرئیل آئے اور مجھے خبر دیا که ساتون آسمان مین لکھدیا گیا ہے که حمزہ بن عبد المطلب الله کے شیر هین اور رسول الله کے شیر هین - بعض بزرگون نے کہا ہے :—

اے میری دو آنکھین تم روؤ اور میری مدد کرو
مجھسے صبر نہین هوسکتا اور میرا پرسان حال نہین ہے
اے میری دو آنکھین تم اوسپر روؤ - قریش کا نوجوان
بڑے مرتبہ کا تھا اوسپر بہت رونا ہے
کفار اونسے اور اونکی قوم سے بدر کے دن لڑے
حالانکه وہ اونکے جوتے کے تسمه کے برابر هین
پس بہادر نے اونپر اسطرح حمله کیا جیسے شیر
که اوسکی سختی جنگلی جانوروتکو نقصان پہونچاتی ہے
تعجب ہے که جنت اوسکے لئے هنستی ہے
جسپر محمد کی آنکھ رو رهی ہے
آپ حمزہ پر روئے اسکا فیصله کیا
آپ کی رحم دلی اور محبت نے

اس سے پہلے کسی چیز نے آپکو غمزدہ نہین کیا
جیسے اسوقت کیونکہ آپ کی فکر متغیر ہوگئی

اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آپکو کفن پہنایا اور مقام ربوہ مین دفن کیا ابتک آپکی قبر وہان مشہور ہے مزار مبارک پر عالیشان قبہ بنا ہے جسپر انوار چمکتے ہین بعض نے کہا ہے کہ آپ کے ساتھہ عبد اللہ بن جحش اور مصعب بن عمیر اور شماس بن عثمان بھی مدفون ہین - آپ کے سرھانے عقیل کی قبر ہے جو شریف حسن بن محمد ابی نمی کی اولاد سے ہین - اور جو قبر مسجد کے صحن مین ہے وہ مدینہ کے کسی شریف رئیس کی ہے *

یا اللہ اپنی رضامندی کی بارش اون پر ہمیشہ برسا اور اپنے فضل کامل سے ہمپر احسان کر جیسا تونے اون پر احسان کیا *

جب رسول اللہ علیہ وسلم وھانسے مدینہ تشریف لائے اور انصار کی عورتونکو سنا کہ اپنے اپنے شہیدون پر رو رھی ہین تو روئے نبی صلے اللہ علیہ وسلم حمزہ پر اور آپ نے اجازت دی اونکی عورتون کو کہ اپنے شہیدونسے پہلے حضرت حمزہ پر روئین - اور رونا بغیر نوحہ کے اور بغیر طپانچہ مارنے اور کپڑے پھاڑنے کے اور بغیر جاھلیت کے زمانہ کی بے صبریکے جائز ہے اور کوئی حرج نہین جیسا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دل غمزدہ ہوتا ہے اور آنکھہ روتی ہے مگر ہم زبان سے وھی کہتے ہین جسکو اللہ پسند کرتا ہے *

شہیدونکی فضیلت مین اسقدر حدیثین آئی ہین جو کان کی زینت بڑھاتی ہین اور زیادہ کی طلب نہین رھتی انمین سے ایک حدیث یہ ہے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مین گواہ ہون ان لوگون کا

جو زخمی اللہ کی راہ مین زخم کھاتا ہے اللہ تعالی قیامت مین اوسکو
اسطرح اٹھائیگا کہ زخم سے خون بہتا ہوگا رنگ خون کا ہوگا اور خوشبو
مشک کی ہوگی - دوسری حدیث یہ کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے جب جنگ احد مین مسلمان شہید ہوئے تو اللہ تعالی نے
اونکی روح سبز جڑیون مین رکھا وہ جنت کے نہرون پر جاتی ہین اور
اوسکے پھل کھاتے ہین اور عرش کے نیچے لٹکتی ہوئی قندیلون مین
آرام کرتی ہین جب اونکو لذیذ غذا اور آرام ملا تو کہا کاش ہمارے
بھائی جان لیتے اس معاملہ کو جو اللہ نے ہمارے ساتھہ کیا تو جہاد مین
سستی نکرتے اور اوس سے منھہ نہ پھیرتے اللہ تعالے نے فرمایا مین
تمہاری طرف سے اونکو پہونچادونگا - اور اللہ تعالی نے اپنے رسول پر نازل
فرمایا (اور نہ سمجھو اون لوگون کو جو اللہ کی راہ مین شہید ہوئے
مردہ بلکہ وہ زندہ ہین اپنے رب کے پاس روزی پاتے ہین خوش ہین
اسلئے کہ اللہ نے اونکو اپنا فضل عطا کیا اور خوش ہین اون لوگون سے
جو ابتک اونسے نہین ملے اونکے پیچھے والے کہ نہ خوف ہے اونپر اور نہ
وہ غمگین ہونگے - یا اللہ اپنی رضا مندی کی بارش اونپر ہمیشہ برسا
اور اپنے فضل کامل سے ہمپر احسان کر جیسا تو نے اونپر احسان کیا *

اب اس مضمون کا گھوڑا دوڑنے سے رک گیا اور ہو سمجھہ اوکو
شہدا کی حیات معلوم ہوگئی اور میرا مقصد پورا ہوگیا تو چاہئے کہ اللہ
سے دعا کرین اور تمام شہدا اور سید الشہدا رسول اللہ کے چچا حضرت
حمزہ بن عبد المطلب کا وسیلہ پکڑین - اللہ اونسے خوش رہا اور وہ اللہ سے

اے رب ہمنے پناہ پکڑی اپنے نبی کے چچاکی
تو عالم کا پروردگار ہے تیرے بھید پاک ہین

جو لوئے چچا کی پناہ پکڑے اوسکی خطا معاف کر
یا اونکی زیارت کرے تو اوسکی گناہ دور کر
مشکلات مین ہمپر مہربانی کر
ہم اوسکے ہمسایہ ہین جو اپنے ہمسایہ کی عزت کرتا تہا
اور نیکیون پر ہمارا خاتمہ کر جب قریب ہو
ہمسے موت اور اپنا چنگل مارے
رحمت نازل ہو حضرت ہاشم کے برگزیدہ پر
اونکی جای اقامت اور اونکی اصل پاک ہے
اور اونکے آل و اصحاب پر جو بزرگ اور متقی ہین
عالم کے بادشاہ ہین اور اونکے انصار پر

اے میرے الله اے وہ ذات پاک کہ گونج اتّہی تیرے واسطے آواز زمین والون اور آسمان والون کی اور اے وہ ذات پاک کہ مالک ہے محتاجونکی حاجت کا اور جانتا ہے امید وارون کی دلکی بات کو ہم تجہسے سوال کرتے ہین اور تیری طرف متوجہ ہین بوسیلہ سید السادات کے اور اوس نبی کہ تونے اوسپر اپنا کلام پاک نازل فرمایا اور بذریعہ اونکی آل کے جو ہر نیک و بد کو بہتری کی وصیت کیا اور اپنی محبت کی رغبت دلایا کل مومن مومنہ کو اور بوسیلہ اونکے اصحاب کے جنہون نے اسلام کی کمر مضبوط کی اور سعادت اونکی حصہ مین لکہی گئی ہماری دعا قبول کر اور ہمارے عیبونکو چہپا اور خوف سے ہمکو محفوظ رکہہ اور ہماری برائیون کو نیکی سے بدل دے اور ہمکو اور ہمارے ماں باپ کو دوزخ سے آزاد کردے اور پورے ایمان پر ہمارا خاتمہ کر اور بخشش سے مجکو اور میرے والدین اور

میرے بھائیون اور میرے بزرگونکو اور کل مومنین و مومنات اور مسلمین و مسلمات کو اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

سبحان ربك رب العزة عما يصفون

وسلام على المرسلين والحمد لله رب العالمين

اے اللہ کے بندو اے اللہ کے مردو ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے اور اللہ کے واسطے ہمارے مددگار بنو شائد اللہ کے فضل کا حصہ ہمکو ملجائے

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

اے اقطاب اور اے اوتاد اے ابدال اور اے سادات جواب دو اے مدد کرنے والو ہمارے لئے اللہ سے شفاعت کرو

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

مین کبتک دوسرونکے پاس جاؤن مین تمکو چھوڑکر کہین نہین جا سکتا تمہین سے مطلب حاصل ہوگا تم اللہ کے بہترین بندے ہو

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

آؤ اور مہربانی کرو اللہ کے واسطے آؤ اور مدد کرو اللہ کے واسطے اللہ کی عظمت سے اللہ کے مرتبہ سے اللہ کی محبت سے اللہ کی مدد سے

اللہ کی حرمت سے ای اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

ہمارا جواب دو اے بزرگان قوم اور اپنی خواب سے بیدار ہوجاؤ ہمت کرو اور آج ہماری مدد کرو اور اللہ کیواسطے ہمارے مددگار بنو

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

غم همارے مقصد هوا اے قوم کے بزرگو اور گمراهو تکی آگ تیز هو گئی هے
تم لوگ الله کے دروازه هو همکو الله کے سوا دوسرا دروازه نهین هے
الله کی حرمت سے اے الله کے مردو
هماری مدد کرو الله کی مدد سے
اے پروردگار سادات کے طفیل سے میری مراد پوری کر
شائد مجھے خوشخبری ملجائے اور الله کے ساتھ خاص رقت نصیب هوجائی
الله کی حرمت سے اے الله کے مردو
هماری مدد کرو الله کی مدد سے
اے میرے پروردگار اے میرے رب اے غوث اے میری کفایت کرنیوالے
اے سادات میرا غم دور کرو اور مجھے الله والون سے ملادو
الله کی حرمت سے اے الله کے مردو
هماری مدد کرو الله کی مدد سے
اے طٰهٰ اور اے طٰسٓ اور اے حٰمٓ اور اے یٰسٓ
مین غلام هون مین مسکین هون مجھے صرف الله کا ذکر چاهئیے
الله کی حرمت سے اے الله کے مردو
هماری مدد کرو الله کی مدد سے
همنے تمهاری بات سنی اے میرے پیارے اب سوال اور مطلب حاصل هوا
تمهارا نام میرے پاس لکھا هے تمهاری تعریف اهل الله کی زینت هے
الله کی حرمت سے اے الله کے مردو
هماری مدد کرو الله کی مدد سے
همنے تمسے سوال کیا همنے تمسے سوال کیا اور تمهارے دروازه پر حاضر هوے
اور اپنے کام مین تمکو تلاش کیا بس اپنی همت الله کے ساتھ پخته کرو
الله کی حرمت سے اے الله کے مردو
هماری مدد کرو الله کی مدد سے

بحرمت قرآن اور جبرئیل کے اور توراۃ اور انجیل کے
اور قرآن کی آیتوں کے ہماری مدد کرو اللہ کے واسطے
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

بحرمت طٰہٰ سردار عالم کے اور دونوں جوان کے باپ کے
تم سب کی آنکھہ کے نور ہو ہمارا مقصد ادا کرو اللہ کے واسطے
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

قسم اوس رب کی جسنے تمسے محبت رکھی اور تمکو بخشش اور انعام دیا
اور عالم میں تمکو منتظم بنایا ہماری مدد کرو اللہ کے مرتبہ سے
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

اپنی تلوار کھینچ لو اے قوم اور همت کرکے آج ہماری مدد کرو
ایسا نہو کہ تمکو نیند آجاے اپنی وسعت سے جو اللہ نے تمکو دیا ہے
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

متوجہہ ہو اے عقل والو آؤ اور دروازہ کھولو
تملوگ ہمارے دوست ہو تم بہترین اہل اللہ ہو
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

زین العابدین کھڑا ہے تمہارے دروازہ پر ٹہرا ہے
اپنی خطا سے ڈرتا ہے سواے اللہ کے دوسرے سے شکایت نہیں کرتا
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کر اللہ کی مدد سے

تم اوسکے دروازہ هو اے لوگو پس اے لوگو شفاعت کرو
گمراهی والے مستکبر هوگئے اور اللہ والونکو نہ پهچانا

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
هماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

اللہ کے نام سے همنے دروازہ کهولا اور دوستونکے ساتھ نماز پڑھی
اور پیا لون کا دور چلا همنے پیا اللہ کے نام سے

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
هماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

همنے طواف کیا اور ارکان ادا کیا اور حج کیا اور لبیک کہا
اور دروازہ پر صفا جات کیا تمام اهل اللہ سے ملاقات کیا

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
هماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

قبیلہ کے منادی نے پکار کر کہا کہ همنے سنا اور گمراهی دور هوئی
اور تمہاری حفاظت کو فوج آگئی اب اقرار کرو کہ سب اللہ کا هے

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
هماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

هم کوئی چیز نہیں هین لیکن روح خوش هوتی هے
اللہ کی طرف سے یہ اللہ کا بهید هے

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
هماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

اے بیت اللہ کے بزرگو اور اے اللہ کے گهر کے همسایہ
تمسے هم خوش هین اللہ کی حرمت سے یہ اهل اللہ کی شان هے

اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
هماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

عبد المحسن حاضر ہے اپنے اصحاب اور رفیقوں کے ساتھ
وہ محروم ہوئے پائے ہماری مدد کرو اللہ کے واسطے
اللہ کی حرمت سے اے اللہ کے مردو
ہماری مدد کرو اللہ کی مدد سے

تمت

مترجم مولانا احمد حسین صاحب
ناظم مدرسۂ اسلامیہ - ڈھاکہ

(اس کتاب کی چوتھائی قیمت فقراء مدینہ پر وقف ہے)

